31.10.2025

21.15 Hrs.

HL Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

....

☆ سردار ولبھ بھائی پٹیل کی 150ویں سالگرہ کو آج ملک بھر میں قومی یومِ اتحاد کے طور پر منایا جارہا ہے۔

☆ تقریبات کی قیادت کرتے ہوئے، وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ کروڑوں لوگوں کے ذریعے اٹھائے گئے اتحاد کا عہد، قومی اتحاد کو مستحکم کرنے کے اُن کے اجتماعی عہد کا اعادہ کرتا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آریہ سماج کو عظیم قوم پرستوں کی تنظیم قرار دیا ہے جس نے بہت سے انقلابیوں کو تحریک دی۔

☆ بہار میں ہونے والے انتخابات میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے بہت سے لیڈروں نے، خراب موسم کے باوجود، روڈ شوز اور عوامی جلسے کئے۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے سکم کے علاقے میں بہت زیادہ شدید برفباری اور شمال مشرقی خطے میں کل تک شدید بارش ہونے کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ FIDE شطرنج عالمی کپ، گوا کے شہر Taleigao میں شروع ہوگیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ 23سال کے بعد بھارت میں دوبارہ ہو رہا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں آسٹریلیا نے میلبورن میں دوسرے ٹی–ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کو چار وکٹ سے ہرا دیا۔ آسٹریلیا پانچ میچوں کی سیریز میں ایک–صفر سے سبقت لئے ہوئے ہے۔

....

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

PM Gujarat

سردار ولبھ بھائی پٹیل کی 150ویں سالگرہ کو آج ملک بھر میں قومی یوم اتحاد کے طور پر منایا جارہا ہے۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارتی شہریوں سے اپیل کی کہ وہ متحد ہوں اور وکست بھارت کے خواب کو پورا کرنے کیلئے اپنے آپ کو وقف کریں۔ سردار ولبھ بھائی ٹیل کی 150ویں سالگرہ کو مناتے ہوئے، ایکتا نگر میں قومی یوم اتحاد تقریبات میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے کروڑوں لوگوں کے ذریعے اتحاد کا عہد کرنے میں ملک گیر پیمانے پر کی جانے والی شرکت کو اجاگر کیا، جو قومی اتحاد کو مستحکم کرنے کے اجتماعی عہد کا

اعادہ کرتی ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ ہر ایک شہری کو اس طرح کے کسی بھی خیال یا عمل کو مسترد کرنا چاہیئے جو ملک کے تانے بانے کو کمزور کرتا ہو۔ انھوں نے اِسے وقت کی ضرورت قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ آزادی کے بعد سردار پٹیل نے 550رجواڑوں کی ریاستوں کو متحد کرکے ناممکن کو ممکن کردکھایا جو کہ ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے وژن کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ 2014 کے بعد سے حکومت نے، نکسل واد اور ماؤنوازوں کی دہشت گردی کو ایک فیصلہ کن جواب دیا ہے اور زبردست زک پہنچائی ہے۔

S/B 1605 PM Naxal

بھارت کی بیش بہا روحانی اور ثقافتی وراثت کو اجاگر کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ Dwadash Jyotirlingas، شکتی پیٹھ اور چار دھام ملک کی زندگی کی قوت کی عکاسی کرتے ہیں، جو مختلف علاقوں اور عقائد کے لوگوں کو یکجا کرتے ہیں۔ زبانوں کو اتحاد کی علامت قرار دیتے ہوئے وزیر اعظم نے تمام بھارتی زبانوں کو فروغ دینے اور اُنھیں تحفظ فراہم کرنے کے تئیں حکومت کے عہد کا اعادہ کیا۔وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ ہر شہری کو اتحاد کو قومی قوت کا منتر بنانا چاہیئے اور سردار پٹیل کے نظریے کو یاد رکھنا چاہیئے نیز ایک مربوط، ترقی یافتہ اور متحد بھارت کیلئے مل جل کر کام کرنا چاہیئے۔x

OM Birla Ekta Diwas

راشٹریہ ایکتا دیوس کے موقع پر آج لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے ملک بھر کے اُن 600سے زیادہ طلباء سے بات چیت کی، جنہوں نے نئی دلّی میں 'اپنے رہنما کو جانو' پروگرام میں شرکت کی تھی۔ طلباء سے خطاب کرتے ہوئے جناب برلا نے کہا کہ سردار وولبھ بھائی پٹیل کے نظریے اور اقدار سے تحریک حاصل کرکے بھارتی نوجوان، اختراع، سائنس و ٹیکنالوجی اور قیادت کے ذریعے ملک کو وکست بھارت کی جانب گامزن کر رہے ہیں۔ x

PM Arya Sameelan

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ آریہ سماج ایک ایسی تنظیم رہی ہے، جو بے باک طریقے سے بھارتی ہونے کی بات کرتی ہے اور یہ پُر عزم وطن پرستوں کی ایک تنظیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ لالہ لاجپت رائے اور رام پرساد بسمل جیسے انقلابی رہنماؤں نے آریہ سماج سے تحریک حاصل کی تھی۔ دلّی میں بین الاقوامی آریہ مہا سیملن سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بدقسمتی سے سیاسی وجوہات کے سبب جد و جہد آزادی میں آریہ سماج کے کردار کو وہ اعزاز نہیں بخشا گیا، جس کا وہ مستحق ہے۔ آریہ سماج کے ڈیڑھ سو برس مکمل ہونے پر انہوں نے کہا کہ یہ موقع، معاشرے کے محض ایک طبقے سے وابستہ نہیں ہے بلکہ اِس کا تعلق بھارت کی ویدوں سے متعلق شناخت سے ہے۔

S/B: Pm Modi on 150 Years

آریہ سماج کے کئی تعاون پر زور دیتے ہوئے، جن میں سے سب سے اہم بھارت کی گروکُل روایت کے تحفظ میں اُس کا رول ہے، وزیر اعظم نے اِس بات کو یاد کیا کہ ایک وقت بھارت، اپنے گروکُل کی مضبوطی کے

سبب علم اور سائنس کا منبع تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سوامی دیانند ایک نظریہ ساز تھے اور اِس بات کو سمجھتے تھے کہ بھارت کی اصل ترقی کیلئے صرف نو آبادیاتی حکمرانی سے آزادی ہی نہیں بلکہ اُن سماجی نا انصافیوں سے نجات پانا بھی انتہائی ضروری ہے، جنہوں نے معاشرے کو جکڑ رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوامی دیانند نے سرگرمی کے ساتھ امتیازی سلوک اور چھوت چھات کی مخالفت کی اور لوگوں پر اِن برائیوں کو ختم کرنے اور معاشرے کو زیادہ سب کی شمولیت والا اور مساوی بنانے پر زور دیا۔

S/B: PM Modi on Dayanand Saraswati

جناب مودی نے کہا کہ محض دو دن پہلے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور اُن کی ساتھی **Squadron** لیڈر شیوانگی سنگھ نے رافیل جنگی طیارے میں پرواز بھری تھی۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک کی بیٹیاں، جنگی طیاروں کی پرواز بھر رہی ہیں اور ڈرون دیدی بن کر زراعت کے جدید طریقوں کو فروغ بھی دے رہی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آج ہم فخر سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ دنیا میں سب سے زیادہ خواتین **STEM** گریجویٹس کی تعداد، بھارت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج خواتین سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں بھی قائدانہ رول ادا کر رہی ہیں۔

S/B: PM Modi on Women

PM Science

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سب کی کوششوں کی وجہ سے، ملک سائنس اور جدت طرازی میں عالمی قیادت حاصل کر رہا ہے نیز ایک پُراعتماد آتم نربھر بھارت اب دنیا کو تحریک دے رہا ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے ذریعے ایک انگریزی روزنامے میں تحریر کردہ ایک مضمون کو شیئر کرتے ہوئے، جناب مودی نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کہا کہ بھارت، ڈیجیٹل انڈیا سے ڈیپ ٹیک تک، چندریان سے بایومعیشت تک اور اِسی طرح دیگر تک کیلئے راست ریکارڈ قائم کر رہا ہے۔ یہ مضمون گذشتہ برسوں میں اس شعبے میں کی گئی پیشرفت کے بارے میں تحریر کیا گیا ہے۔x

Bihar Campaigning

بہار میں آج انتخابات والے مختلف حلقوں میں کئی سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنماؤں نے انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ خراب موسم کی وجہ سے کئی لیڈروں کو اپنی ریلیاں ملتوی کرنی پڑیں۔ مسلسل بارش کی وجہ سے مختلف سینئر لیڈروں نے اپنی پارٹی کے امیدواروں کے حق میں روڈ شو کیے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC Dharmendra

BJP کے صدر جے پی نڈا نے آج پٹنہ میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا اور **RJD** اور کانگریس پارٹی پر شدید نکتہ چینی کی۔ **BJP** صدر نے کہا کہ **RJD** کا دورِ اقتدار، جبراً وصولی، جنگل راج اور شرپسندوں پر مبنی تھا، جبکہ **NDA** نے ریاست میں اچھی حکمرانی قائم کی ہے۔

وزیر اعلیٰ نتیش کمار، خراب موسم کی وجہ سے عوامی میٹنگوں سے خطاب نہیں کر پائے۔ تاہم انہوں نے دربھنگہ اور سمتی پور میں روڈ شو کیے۔اتر پردیش کے وزیر یوگی آدتیہ ناتھ نے بھوجپور میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے مبینہ طور پر کہا کہ مہا گٹھ بندھن، بدعنوانی کی علامت ہے۔ مہا گٹھ بندھن کے وزیر اعلیٰ کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو کو آج 9انتخابی ریلیاں کرنی تھیں، جو خراب موسم کے سبب نہیں ہو پائیں۔جَن سوراج پارٹی کے بانی پرشانت کشور نے مظفر پور اور ویشالی ضلع میں روڈ شو کیے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

Murugan Akashvani Pledge

اطلاعات ونشریات کے وزیر مملکت ایل مروگن نے نئی دلّی کے آکاشوانی بھون میں سوچھتا عہد کی قیادت کی۔ اپنے دورے کے دوران، آکاشوانی بھون کے باپو اسٹوڈیو میں خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے، ’’سوچھتا ہی سیوا‘‘ کے ایک حصے کے طور پر خصوصی مہم 5.0 پہل کے تحت، اطلاعات ونشریات کی وزارت اور اِس کی تنظیموں کی کوششوں کو اجاگر کیا۔ مہم کے دوران کام کرنے کی جگہوں کی صفائی ستھرائی کی گئی، کوڑے کچرے کو اکٹھا کرکے اُسے ٹھکانے لگایا گیا، جگہوں کو خالی کیا گیا اور ڈیجیٹائیزیشن کیا گیا جس سے صاف ستھرے ریکارڈ کے انتظام کی راہ ہموار ہوئی۔ اس موقع پر جناب مروگن نے ایک پودا بھی لگایا اور احاطے کا دورہ کیا۔x

GST Reforms Health Care

22ستمبر کو وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعے کئی شعبوں میں GST کی شرحوں میں کٹوتی کے تحت شروع ہونے GST بچت اُتسو سے ملک بھر کے شہری مستفید ہو رہے ہیں۔ آج ہمارے نامہ نگار نے صحت خدمات کے شعبے میں تخفیف شدہ GST شرحوں سے شہریوں کو ہونے والے فوائد کا جائزہ لیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Saklen

اگلے سلسلے کی GST اصلاحات کے تحت سرکارے صحت خدمات کے شعبے میں ٹیکس شرحوں میں اہم کٹوتی کی ہے۔ صحت اور لائف انشورنس Premiums پر اشیاء اور خدمات ٹیکس جو پہلے 18 فیصد تھا اب مکمل طور پر ٹیکس سے مستثنیٰ ہو گیا ہے۔اِس اقدام سے ہیلتھ انشورنس کو بڑے پیمانے پر فروغ ملنے کی توقع ہے اور عوام بالخصوص متوسط آمدنی والے کنبوں کے علاج معالجے پر ہونے والے اخراجات میں کمی آئے گی۔ سرکار نے کینسر اور سنگین نوعیت کی بیماریوں کے علاج میں استعمال ہونے والی 33حیات بخش ادویات پر لگنے والا ٹیکس بھی ختم کر دیا ہے۔ GST کی نئی شرحوں کے تحت ادویات اور طبی سازوسامان مثلاً Gauze, Bandages، تشخیصی Kit، Glucometers اور Thermometers پر بھی ٹیکس کو کم کرکے 5فیصد کر دیا گیا ہے۔ان اصلاحات کے ذریعے طبی اخراجات میں کمی آئی ہے اور سبھی کے لیے صحت خدمات کا حصول اب آسان ہو گیا ہے۔

ثقلین اختر کے ساتھ آکاشوانی سے اردو خبروں کے لئے میں فرقان خان

NSA Doval

قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال نے آج کہا کہ ٹیکنالوجی، حکمرانی میں ایک انتہائی اہم رول ادا کرے گی۔ دلّی میں راشٹریہ ایکتا دیوس پر ایک لیکچر کے موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب ڈوبھال نے اِس بات پر زور دیا کہ ٹیکنالوجی کا استعمال، زیادہ شفافیت، جوابدہی اور عام لوگوں تک خدمات کی فراہمی اور شکایات کے ازالے کو یقینی بنانے کی خاطر لازمی طور پر کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی سے لاحق سائبر اور دیگر خطرات سے مہذب معاشرے کا تحفظ کیا جانا چاہیے۔ x

PM Sanjay Raut

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سینئر شیوسینا UBT لیڈر سنجے راوت کے جلد صحتمند ہونے کیلئے دعا کی۔ جناب راوت نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں شیئر کیا تھا کہ انھیں صحت سے متعلق کچھ سنجیدہ مسائل ہیں اور وہ کئی مہینوں تک عوام سے دور رہیں گے۔x

Sikkim IMD

سکّم میں کل سے مسلسل بارش ہو رہی ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے آج کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ شدید سمندری طوفان Montha کے بقیہ اثر کے سبب یہ الرٹ جاری کیا گیا ہے، جو اِس وقت مشرقی وِدربھ اور جنوبی چھتیس گڑھ میں مرکوز ہے، جس کی وجہ سے ریاست بھر میں موسم متاثر ہو رہا ہے۔ IMD کے مطابق زیادہ تر خطوں میں دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے، جبکہ ناتھولا جیسے بالائی علاقوں میں برفباری کی خبر ہے۔

Goa Fide Chess World Cup 2025

گوا کے Taleigao میں ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی انڈور اسٹیڈیم میں آج FIDE شطرنج عالمی کپ 2025 کا آغاز ہوا۔ 23برس کے بعد یہ سرکردہ ٹورنامنٹ، بھارت میں ہو رہا ہے۔ 31اکتوبر سے 27نومبر تک ہونے والے شطرنج کے اِس عالمی کپ میں 82ملکوں سے 206 کھلاڑی حصہ لیں گے، جس کے انعام کی کُل رقم 20لاکھ ڈالر ہے۔ بھارت کے سرکردہ شطرنج کھلاڑی ڈی گوکیش، آر پرگیہ نند اور Anish Giri، اِس میں حصہ لے رہے ہیں۔ اِس تقریب کے سلسلے میں اپنے پیغام میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ ایک مرتبہ پھر شطرنج کے عالمی کپ کی میزبانی، بھارت میں ہونا، باعثِ فخر ہے۔ x

IND VS AUS T-20

کرکٹ میں، پانچ T-20میچوں کی سیریز کے تحت آج Melbourne کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے دوسرے T-20 میچ میں آسٹریلیا نے بھارت کو چار وکٹ سے ہرا دیا۔ میزبان ٹیم کو بھارت نے 126رن کا جیت کا نشانہ دیا تھا جسے اس نے 13اوور اور دو گیندوں میں چھ وکٹ پر حاصل کر لیا۔ بھارت کے لئے جسپریت

بمرا، ورن چکرورتی اور کلدیپ یادو نے دو دو وکٹ لیے۔ اِس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت کی ٹیم 18اوور اور چار گیندوں میں 125رن بنا کر آل اوٹ ہو گئی۔ بھارت کیلئے ابھیشیک شرما نے 37 گیندوں میں 68 رن بنائے جبکہ ہرشت رانا نے 35رن اسکور کیے۔×

☆☆☆☆☆☆☆